**تدریس و تعلیم سے متعلق تازہ ترین صورتحال**
**جنوری 2018**

ایک دوسرے کی صحت کا خیال رکھیں...




1. **پری کینڈرگارٹن/کینڈرگارٹن کی معلوماتی شب** – ڈبلیو پی ایس **بروز بدھ، 10 جنوری 2018 کو 6:30 تا 7:30 بجے شام تک**، اپنے تین ایلیمنٹری اسکولوں میں، اپنی سالانہ پری کینڈرگارٹن/کینڈرگارٹن شب کا انعقاد کر رہا ہے۔ وہ والدین جن کے بچے 2018 کے خزاں میں پری کینڈر گارٹن اور/کینڈرگارٹن شروع کرنے والے ہیں ان کو معلوماتی میٹنگ کے لیے مدعو کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد بروز سوموار 22 جنوری 2017 کو ایرلی اسٹیپس پری اسکول میں **پری کینڈرگارٹن** شروع ہو گا جبکہ **کینڈر گارٹن کی رجسٹریشن رجسٹرار آفس، فیلپس بلڈنگ، روم 205، کومن اسٹریٹ میں صبح کے 8 بجے سے لیکر شام کے 4 بجے تک** منعقد ہو گی تاکہ ایلیمنٹری اسکولوں میں مندرجہ ذیل پروگرام کے مطابق:
    a. بدھ ، جمعرات، جمعہ جنوری 17، 18، 19 برائے کیونیف اسکول اسٹوڈنٹس۔
    b. بدھ ، جمعرات، جمعہ، جنوری 24، 25، 26 برائے ہوسمر اسکول اسٹوڈنٹس۔
    c. بدھ ، جمعرات، جمعہ جنوری 31، فروری 1، 2 برائے لویل اسکول اسٹوڈنٹس۔
    d. علاوہ ازیں بروز بدھ 31 جنوری کو شام کے 5 بجے سے لیکر 7 بجے تک تینوں ایلیمنٹری اسکولوں کے لیے 30 کومن اسٹریٹ میں رجسٹریشن کی ایک شام کا احتمام کیا جا رہا ہے۔

رجسٹریشن کی تیاری کے سلسلہ میں والدین سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ والدین/سرپرستوں کی رجسٹریشن کا پیکٹ مکمل کریں (معلومات اور پیکٹس آپ کے بچے کے اسکول سے حاصل کیے جا سکتے ہیں یا واٹر پبلک اسکولز کے اس ویب سائیٹ سے ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہیں۔ (http://www.watertown.k12.ma.us

2. **ڈبلیو ایچ ایس کی ہدایاتی شب، اسٹوڈنٹس اور فیملیز کے لیے ورکشاپوں کی ایک شام** – **17 جنوری بروز بدھ** شام 6 بجے تا 8 بجے گائیڈنس ڈیپارٹمنٹ اسٹوڈنٹس اور فیملیز کے لیے ورکشاپوں کی ایک شام کے نام سے، ایک ہدایاتی شب کا انعقاد کرے گا۔ اس شام کے دوران اسٹوڈنٹس اور فیملیز ایک ایک کر کے تین ورکشاپوں میں شامل ہوں گے جن میں مختلف موضوعات زیر بحث لائے جائیں گے ( دباؤ کا مقابلہ کرنا، مطالعہ کی مہارتیں، کالج کی درخواست کا عمل)۔ اگر آپ ان میں حصہ لینا چاہتے ہوں تو مہربانی فرما کر اس کے لیے مختصر سروے مکمل کریں تاکہ ہم شام کے لیے ورکشاپوں کا پروگرام ترتیب دے سکیں۔ (براہ کرم نوٹ فرمائیں - اگر آپ یہ سروے مکمل نہیں بھی کرتے تو بھی آپ تشریف لا سکتے ہیں، ہم محض شرکت کرنے والوں کی تعداد اور ورکشاپوں کے اوقات کو حتمی شکل دینا چاہتے ہیں)۔ سوالات کے لیے مہربانی فرما کر ڈبلیو ایچ ایس کے لیڈ گائڈنس کونسلر، آڈرائین ایٹن کے ساتھ اس ای میل پر رابطہ فرمائیں: adrienne.eaton@watertown.k12.ma.us

3. **پراجیکٹ پر مبنی تعلیم(پی بی ایل)** - پی بی ایل ایک تدریسی طریق کار ہے جس میں اسٹوڈنٹس ایک طویل عرصہ تک کسی مستند، پرکشش اور پیچیدہ مسئلہ، سوال یا مشکل کی تحقیق اور حل کے حصول کے ذریعہ علم اور مہارت حاصل کرتے ہیں۔ ڈبلیو پی ایس میں مڈل/ہائی اسکول کے تقریباً 30 اساتذہ نے 3 دن کے لیے پراجیکٹ پر مبنی تعلیم (پی بی ایل) سمرانسٹی ٹیوٹ میں حصہ لیا جس کا انعقاد بک انسٹیٹیوٹ فار ایجوکیشن (بی آئی ای) نے ڈسٹرکٹ کے اندر کیا تھا۔ پی بی ایل @ بی آئی ای کے بارے میں مزید معلومات کے لیے اس لنک پر کلک کے ذریعہ یہ بلاگ ملاحظہ فرمائیں:
پراجیکٹ پر مبنی تعلیم کا بلاگ

4. **تعلیمی اور قائدانہ کورس کی پیشکش** – آئندہ منگل کے دن 16 جنوری کو ہمارا پورا ڈسٹرکٹ پیشہ وارانہ ترقی (پی ڈی) کے کورس میں حصہ لے گا لہذا اس دن طالب علموں کے اسکول نہیں ہو گا۔ پی ڈی کے اس مفید دن میں حسب ذیل شامل ہیں:

    a. **پری کینڈر گارٹن اور پری اسکول** دل اور پھیپھڑوں کی بحالی (سی پی آر) سے متعلق ایک پورے دن کی تربیت میں شامل ہوں گے۔
    b. **کے-5 کے اساتذہ** ہمارے تدریسی اتحاد کے مشیروں کے ساتھ ایک پورے دن کے خواندگی کے پی ڈی میں شامل ہونے کا موقع حاصل کرتے ہوئے خواندگی پر توجہ دیں گے۔
    c. **ہمارا گریڈز 6-12 کا اسٹاف اور کے-12 کے آئی ایز1.5 گھنٹوں پر محیط** یہاں پر پیش کردہ فرسٹ سے صبح کے وقت پی ڈی میں شرکت کریں گے جبکہ سہ پہر کے وقت کا پروگرام اسکول کے اندر تعاون پر مشتمل ہو گا (یعنی گریڈ-لیول، ڈیپارٹمنٹ لیول، مشترکہ تدریس، اعداد و شمار کا تجزیہ، نصابی جائزہ، پی ایل ٹیز)۔

5. **کے-5 کا معیار پر مبنی رپورٹ کارڈز (ایس بی آر سی) کی منصوبہ بندی کا سیشن** – ذیلی ایلیمنٹری کیڈرکےمعلمین کے نمائندگان،میتھ کی کوچ (ایلفیتھیریا برٹزیناکو)، ایلیمنٹری نصاب کے کورآرڈی نیٹرز (الیزبیتھ کاپلان، علیسن ڈونوان) اورتدریس، تعلیم اور جائزہ کی اسسٹنٹ سپرٹنڈنٹ (تھریسہ میک گوائنیس) نے حال ہی میں میٹنگ کی ہے تاکہ معیار پر مبنی رپورٹ کارڈ تیار کیا جائے جس کا آغاز کینڈرگارٹن اور فرسٹ گریڈ سے ہو گا۔ مزید معلومات موسم بہار کے آخر میں دستیاب ہوں گی۔




6. ***لوویل اسکول میں لیرنگ واک کا انعقاد*** - ڈسٹرکٹ کی سطح کی قیات کرنے والی ٹیم جو کہ ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریٹرز/کوآرڈی نیٹرز پر مشتمل ہے، نے اس ہفتہ سے لیرنگ واک کا آغاز کیا ہے جو کہ لوویل اسکول کے ویزٹ سے شروع ہو رہا ہے۔ ان لیرنگ واکس کا مقصد قیات کرنے والی ٹیم کو ایک موقع فراہم کرنا ہے کہ وہ مؤثر تدریس و تعلیم کے بارے میں مشترکہ سوجھ بوجھ کو فروغ دیں جو کہ واٹر ٹاؤن کے تمام اسکولوں میں دکھائی دیتی ہے۔ ہمیں معلوم ہے کہ ہر ایک اسکول میں شاندار ہدایاتی طریق کار پر عمل ہو رہا ہے لیکن پھر بھی عمارات کے درمیان شیئرنگ کا موقع محدود ہے۔ لیرنگ واکس عمارتوں کے اندر موجود ایڈمنسٹیٹروں کو ان کے اپنے اسکولوں کے علاوہ دوسرے اسکولوں میں کامیاب طریقہائے کار کے بارے میں سیکھنے کا نادر موقع فراہم کرتی ہے۔





7. **سال 2018 - 2019 کے دوران ایلیمنٹری اسکولوں میں سماجی سطح کی جذباتی تعلیم (ایس ای ایل) کا نصاب متعارف کروایا جائے گا۔** آج کے دور میں عالمی سطح پر بدلتی ہوئی اقتصادی صورتحال کی وجہ سے طالب علموں کو گریجویشن کے بعد کی زندگی کے لیےتیار کرنا لازمی ہے۔ یہ رپورٹ رینی سینٹر رپورٹ 2015 ان طریقہائے کار پر نظر ڈالتی ہے جن کے ذریعہ ماساچیوسیٹس اسکول ڈسٹرکٹ طالب علموں کو مدد فراہم کر سکتی ہے کہ وہ جذباتی اور سماجی مہارتوں کو فروغ دیں مثال کے طور پر عزم، استقامت، ہمدردی اور اچھی فیصلہ سازی۔ *اس ضمن میں ہم نے ڈبلیو پی ایس کمیمونٹی (اسٹوڈنٹس، اسٹاف، فیملیز) کے اندر سے تمام لوگوں کی تاثرات اکٹھے کرنے شروع کر دیے ہیں* سماجی/جذباتی تعلیم اور اسکول کے ماحول کے بارے میں شراکت داروں کے خیالات، تجربات اور احساسات کے سلسلہ میں بنیادی اعداد و شمار حاصل کرنے کے لیے ایس ای ایل ٹیم (8 اساتذہ + 7 ایڈمنسٹیٹرز) نے واٹر ٹاؤن پبلک اسکولوں کے لیےپانورامہ ایجوکیش (ہارورڈ کا پروگرام) کے نام سے ایک سروے تیار کیا ہے۔ عملہ کے اراکین، پی کے-12 کا سروے دسمبر میں کیا گیا تھا، اسٹوڈنٹس سروس (گریڈز 3-5 اور گریڈز 6-12) اس مہینہ میں منعقد ہو گا جبکہ **فیملی/والدین کا سروے اس ماہ کے آخر میں ای میل کیا جائے گا۔** جب آپ کو وہ ای میل موصول ہو جائے تو مہربانی فرماتے ہوئے آپ اپنے خیالات ہمارے ساتھ شیئر کریں۔ آپکا شکریہ۔

**ڈبلیو پی ایس پارٹنرشپ** – ہمیں ہارورڈ گریجویٹ اسکول آف ایجوکیشن (ایچ جی ایس سی) نے ہارورڈ کے انضمام کو ازسرنو تصور میں لانے کی حکمت عملی سے متعلق شراکتداری کے لیے مدعو کیا تھا۔ ڈبلیو پی ایس کے لیے برابری کا بیانیہ تیار کرنے کے لیے مختلف اور برابری کا اسکول پراجیکٹ (آر آئی ڈی ای ایس) ویب سائیٹ۔ جیسا کہ سپر ٹنڈنٹ نے سوموار کو اسکول کمیٹی میٹنگ کے انٹری پلان میں شیئر کیا ہے کہ گزشتہ موسم بہار میں لی ٹائٹیل، ایچ جی ایس ای پروفیسر نے واٹر ٹاؤن پبلک اسکولز کے ساتھ رابطہ کیا ہے اوراسکول کے اندر برابری کے مسائل کے بارے میں شراکتداری کی حکمت عملی تیار کرنے کا کہا ہے۔ اس شراکتداری کے ذریعہ ڈبلیو پی ایس کو سہولت حاصل ہو گی کہ وہ اپنے اسکولوں کے اندر ایک منظم اور باتوجہ انداز میں برابری کو فروغ دینے کے لیے ایک ڈھانچے کا جائزہ لے۔ جب ہم برابری کے بارے میں سوچتے ہیں تو ہمارا مقصد اپنے اسکول میں موجود تمام طالب علموں کو ان کے نسلی، ثقافتی، سماجی اقتصادی اور معذوری کی حیثیت سے قطع نظر رہ کر، ان کوکامیاب کرنے کے لیے تمام مطلوبہ ضروریات فراہم کرنا ہے۔ اس کام کے اندرحالیہ طریقہائے کار کی نشاندہی کرنے پر توجہ دی جاتی ہے جس کے ذریعہ برابری کو فروغ ملتا ہے، غیر متناسبی اعداد و شمار کا جائزہ لیا جاتا ہے اورحکمت عملی کی تیاری کے عمل میں برابری کے عمل کوڈھالا جاتا ہے۔ جب واٹر ٹاؤن پبلک اسکولوں کی کمیونٹی کے اندر سپر ٹنڈنٹ کی طرف سے 75 سے زیادہ افراد اور گروپ کے ذریعہ اعداد و شمار اکٹھے کیے گئے تو یہ ظاہر ہوا کہ ہمارے ذیلی گروپوں کے اندر توقعات اور کامیابیوں کے درمیان تضاد موجود ہے، خاص طور پر زیادہ ضروریات رکھنے والے ذیلی گروپ جن میں انگریزی زبان سیکھنے والے افراد، معاشی لحاظ سے کم درجہ طالب علم اور خصوصی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علم موجود ہیں۔

ذیل میں 7 نومبر2017 کے پروفیشنل ڈویلپمنٹ ڈے کی چند ایک تصویریں ہیں جب ہم نے صبح کے وقت واٹر ٹاؤن اسکینڈری اسکولز میں برابری کے حوالہ سے عملہ کے اراکین کے ساتھ مل کر کام کیا۔


**وہ موضوعات جواسٹاف کے تاثرات کے ذریعہ سامنے آئے ان میں یہ شامل ہیں:**
- کلاس رومز/ڈسٹرکٹس میں برابری اور نفاست کو فروغ دینے کے لیے ایک دیاندارانہ دلچسپی۔
- مجموعی مسائل (برابری اور عدم مساوات) کے بارے میں ساتھیوں کے ساتھ صاف گفت و شنید سے لطف اندوز ہونا۔
- فیکلٹی میں نئے اور مختلف لوگوں کے بارے میں جاننے میں لچسپی لینا۔
- جداگانہ حیثیت اور برابری کے بارے میں مزید تعلیم کی ضرورت۔
- اعداد و شمار کے بارے میں معلومات کے لیے بہت زیادہ دلچسپی۔
- نسلی تعصب کے بارے میں بات چیت جاری رکھنے (بعض اوقات تکلیف دہ) میں دلچسپی۔
- تعاون کے عمل کو جاری رکھنے کے لیے شدید خواہش۔
- صبح کے سیشن کے دوران، جنہوں نے **مختلف پس منظر** کے لوگوں کو، جنہیں روز مرہ حالات میں بات چیت کا موقع میسر نہیں آتا تھا اکٹھا کیا اورانہوں نے ہمارے مسودے/ترکیب کے بارے میں قدر شناسی کے تبصرے کے موقع ملا۔





ڈاکٹر لی ٹائیٹل، ایچ جی ایس سی

ڈبلیو ایم ایس اور پرائمری سورس نے حال ہی میں **ہمارے موکنگ برڈ** کی فلم اسکریننگ اور گفتگو کا انعقاد کیا، جو کہ جغرافیائی لحاظ سے دو مختلف ہائی اسکولوں کے بارے میں ایک ڈاکومنٹری ہے جو کہ برمنگہم اور البامہ میں ہیں اور جنہوں نے ایک موکنگ برڈ کو مارنے کے بارے میں ایک شاندار دستاویز تیار کی۔ اس فلم میں نسل، ذات، علیحدگی، اور انصاف کے بارے میں بہت ہی مضبوط سوالات اٹھائے ہیں۔ ایوننگ میں فلم ساز کے بارے میں سوالات و جوابات، گروپ کی بات چیت اور حالیہ نصابی گائیڈ سے کلاس روم کی سرگرمیوں کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ *ٹو کیل اے موکنگ برڈ* ہمارے گریڈ-**9** کی انگریزی کا نصاب ہے۔ فلم کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ملاحظہ فرمائیں
www.ourmockingbird.com




ایلیمنٹری، میتھ ان فوکس پیرنٹ یونیورسٹی
الیزبیتھ کاپلان، کے - 5 ایس ٹی ای ایم کو آرڈی نیٹر۔




**ڈبلیو پی ایس نئے ایلیمنٹری اسکول کے تصور کا سیشن** – *دسمبر 2018*
**اس چیز کو تصور میں لاکر کہ ایک نیا ایلیمنٹری اسکول جہاں پر ہر بچہ، ہر کلاس روم (یا لچکدار جگہ) تعلیمی، سماجی اور جذباتی طور پر ہر روز پھلتی پھولتی ہو ، ہم بہت زیادہ پر تجسس ہیں اور اسٹوڈنٹس، تعلیم فراہم کرنے والوں، فیملیز اور واٹر ٹاؤن کیمونٹی ممبران کے ساتھ مل کر مشکور ہیں۔** جیسا کہ ڈاکٹر کلیڈاسٹون نے حالیہ کمیٹی میٹنگ میں کہا ہے کہ الیمنٹری اسکول بلڈنگ پراجیکٹ کے تصوراتی سیشنز جو کہ دسمبر میں منعقد ہوئے تھے 50 شراکتداروں پر مشتمل ایک گروپ کو 'خوبیاں، مشکلات، مواقع اور اہداف' کے بارے میں نئے اسکول کی عمارات کے لینز استعمال کرتے ہوئے ایک مشق مکمل کرنے کا کہا گیا تھا۔ مواقع اور اہداف کے بارے میں بات چیت کرتے وقت مشق پر کام کرنے والی تمام ٹیموں کے سامنے بہت سی ترجیعات سامنے آئیں۔ ان میں یہ کچھ شامل تھا: بڑے اور چھوٹے گروپوں کی ہدایات کے لیے جگہیں؛ سیکھنے کے مستند تجربات کا ذاتی تجربہ؛ وہ جگہیں جو تمام اسٹوڈنٹس کے ادغام کو آسان بناتی ہیں؛ وہ جگہیں جو تعاون کو فروغ دیتی ہیں؛ اور گرین جگہیں جن کو بیرونی کلاس رومز کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے، چند ایک باتیں ہیں جن کا ذکر کیا جا سکتا ہے۔ گروپ کی دیگر ترجیعات میں سے ایک یہ تھی کہ بلڈنگ کو زیادہ تر کیمونٹی کا مرکز بنایا جائے جس میں ہمارے ایلیمنٹری اسکولوں میں نسلوں کے تعلیمی تجربات کی حوصلہ افزائی کی جائے اور ان کو کمیونٹی سے متعلق پروگراموں کو جگہ دینے کے

لیے مناسب مواقع فراہم کیے جائیں۔ ڈبلیو پی ایس کے اس شاندار کام کے لیے منصوبہ بندی کرنے کے لیے مختلف مواقع حاصل کرنے اور مل کر کام کرنے کے لیے تازہ دم رہیں۔







*آپ کے منصوبہ بندی کے مقاصد کے لیے ....*

1. **کوئی اسکول نہیں** – بروز سوموار، 15 جنوری مارٹن لدر کنگ ڈے۔
2. **کوئی اسکول نہیں** – بروز منگل 16 جنوری - سارا دن عملہ کے لیے پیشہ وارانہ تربیت۔
3. **ڈبلیو ایچ ایس درمیانی مدت کے امتحانات** – جنوری 23-26 (اسٹوڈنٹس کے لیے 2/1 دن)

***اب تک کے لیے یہی کچھ ہے دوستو!***

خدا حافظ،
تھریسہ

**تھریسہ میک گوئینس، ای ڈی۔ ڈی**
*اسٹنٹ سپر ٹنڈنٹ*

**ہر بچہ... ہر کلاسروم... ہر روز**